خالد پبلک ہائی سکول ہارون آباد

<u>تقریر برائے جماعت چہارم تھرڈ ٹرم</u>

وہ دانائے سبل ختم الرسل مولائے کل جس نے

غبارِ راہ کو بخشا فروغ وادی سینا

! محترم اساتذہ کرام اور میرے عزیز ساتھیو ! السلام علیکم

میری آج کی تقریر کا عنوان ھے , حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ,

۔آپ ﷺ وہ ہستی ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے پوری انسانیت کے لیے ہدایت محبت اور رحمت بنا کر بھیجا۔ آپ ﷺ کی زندگی سچائی، امانت صبر اور عدل کی روشن مثال ہیں

! عزیز ساتھیو

آپکی سیرت ، آپکی صورت ، آپکا نقشہ ، آپکا جلوہ تبسم گفتگو ، بندہ نوازی ، خندہ پیشانی اور زندگی جس کو حقیقی زندگی قرار دیتی ہے لیکن وہ نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم ایسا ہے کہ مسجد کے ننگے فرش پر سو جاتے۔

آپ ﷺ نے جہالت میں ڈوبی ہوئی قوم کو علم اخلاق اور خدا شناسی کا درس دیا۔ دشمنوں کے ساتھ بھی صلہ رحمی عفو و درگزر اور حسن سلوک کا مظاہرہ کیا۔ آپ کا اسوۂ حسنہ قیامت تک کے انسانوں کے لیے مشعل راہ ہے۔

ہم سب پر لازم ہے کہ آپ ﷺ کی سیرت کو پڑھیں سمجھیں، اور اپنی زندگیوں میں اس پر عمل کریں تا کہ دنیا و آخرت میں کامیاب ہو سکیں۔ آمین۔

کی محمد سے وفا تُو نے تو ہم تیرے ہیں

یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں

والسلام